www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



فی الوقت عالمی سطح پر اسلام اور سیکولرازم کی فکری کشمکش شدت سے شروع ہو رہی ہے۔ اگرچہ سیکولرازم اپنے پرانے حربے "تشکیک" کے علاوہ انسانی بہبود اور ترقی کے نام نہاد دعووں پر مشتمل سازشیں تو کرتا ہی رہتا ہے۔ لیکن مسلمان اکثریت والے ممالک "نفاذ شریعت" اور مسلمان اقلیت والے ملکوں میں "تحفظ شریعت" کی مساعی اس کا براہ راست ٹارگٹ ہیں۔ لہٰذا دنیا بھر کی ایسی تمام تنظیموں کو مل جل کر "سیکولر ورلڈ آرڈر" کا توڑ کرنا چاہیے۔ اسی بارے میں "ورلڈ شریعت کونسل" کی تشکیل کے لئے متعدد ممالک کی علمی تحریکیں باہمی رابطہ کر رہی ہیں۔ زیر نظر اجلاس اسی رابطہ کے سلسلہ میں پاکستانی یونٹ کی تشکیل ہے۔

# ورلڈ شریعت کونسل

مجلس تحقیق اسلامی ۹۹۔ جے ماڈل ٹاؤن۔ لاہور میں قانون دانوں، علماء، پروفیسرز، صحافی اور تجار حضرات کا ایک نمائندہ اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں غور کیا گیا کہ پاکستان میں نفاذ شریعت کی مساعی میں خاطر خواہ پیش رفت نہ ہو رہی ہے جس کی سیاسی وجوہات کے علاوہ ایک وجہ یہ بھی ہے کہ معاشرت، معیشت، سیاست کے اہم قانونی مسائل کے سلسلہ میں عام تعلیم یافتہ طبقہ ابہام کا شکار ہے بلکہ وہ یہ سمجھتا ہے کہ علماء اور دانشور طبقہ کوئی عملی نظام پیش کرنے سے قاصر ہے لہٰذا وہ صرف جذباتی نعروں سے موجودہ سائنسی ترقی کو روکنا چاہتا ہے جبکہ صورت حال یکسر مختلف ہے۔ اسلام دین الٰہی ہونے کی حیثیت سے نہ صرف انسانی الجھنوں اور معاشرتی مسائل کا بہترین حل پیش کرتا ہے بلکہ صحیح طور پر انسانی حقوق کا تحفظ اور حقیقی سائنسی ترقی صرف اسلامی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے سے ہی ممکن ہے۔ چنانچہ فیصلہ کیا گیا کہ ملک بھر میں مذاکروں اور موثر لٹریچر کے ذریعہ سے عوام کی رہنمائی کی جائے اور موجودہ معاشی اور سیاسی الجھنوں کا قرآن و سنت کی روشنی میں قابل عمل حل پیش کیا جائے۔ اس سلسلہ میں ملک میں موجود تنظیموں سے رابطہ کے علاوہ دوسرے ممالک میں نفاذ شریعت کی تحریکوں سے رابطہ و تعاون بھی بڑھانا چاہئے۔ چنانچہ **"ورلڈ شریعت کونسل"** کے پاکستانی یونٹ کی حیثیت سے درج ذیل عہدیدار منتخب کئے گئے:

| | | |
|---|---|---|
| چیئرمین : | جسٹس ریٹائرڈ خلیل الرحمٰن چوہدری | فون نمبر: 851792 |
| وائس چیئرمین : | حافظ عبدالرحمٰن مدنی | 852897 |
| 〃 〃 : | سید محمد ابراہیم غزنوی | 875152 |
| جنرل سیکرٹری : | خواجہ حفیظ اللہ ایڈووکیٹ | 324804 |
| ڈپٹی سیکرٹری : | محمد رفیق عارف ایڈووکیٹ | 7310864 |
| خازن : | فیض الرحمٰن ایڈووکیٹ | 7248329 |

© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ